احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

بدھ 2 جولائی 2008ء

روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 2 جولائی 2008ء 27 جمادی الثانی 1429 ہجری 2 روفا 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 149

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خداتعالیٰ کے یہ دونوں اسم حیی و قیوم اپنی تاثیر میں ایک دوسرے سے تعلق رکھتے ہیں کبھی علیٰحدہ علیٰحدہ نہیں ہوسکتے۔ پس جن لوگوں کا یہ مذہب ہے کہ خدا روحوں اور ذرات کا پیدا کرنے والا نہیں وہ اگر عقل اور سمجھ سے کچھ کام لیں تو ان کو اقرار کرنا پڑے گا کہ خداتعالیٰ ان چیزوں کا قیوم بھی نہیں۔ یعنی وہ یہ نہیں کہہ سکتے کہ خداتعالیٰ کے سہارے سے ذرات یا ارواح پیدا ہوئے ہیں۔ بلکہ خداتعالیٰ کے سہارے کی محتاج وہ چیزیں ہیں جو اس کی پیدا کردہ ہیں۔ غیر کو جو اپنے وجود میں اس کا محتاج نہیں اس کے سہارے کی کیوں حاجت پڑ گئی؟ یہ دعویٰ بے دلیل ہے اور ہم ابھی یہ بھی لکھ چکے ہیں کہ اگر ذرات اور ارواح کو قدیم سے اَنادی اور خود بخود مانا جائے تو اس بات پر کوئی دلیل قائم نہیں ہوسکتی کہ خداتعالیٰ کو ان کے پوشیدہ خواص اور دقیق در دقیق طاقتوں اور قوتوں کا علم ہے اور یہ کہنا کہ چونکہ وہ ان کا پرمیشر ہے اس لئے اس کو ان کے پوشیدہ خواص اور طاقتوں کا علم ہے یہ صرف ایک دعویٰ ہے جس پر کوئی دلیل قائم نہیں کی گئی اور کوئی برہان پیش نہیں کی گئی اور نہ کوئی رشتہ عبودیت اور الوہیت کا ثابت کیا گیا۔ بلکہ وہ ان کا پرمیشر ہی نہیں۔ بھلا جس کا کوئی رشتہ خالق ہونے کا ذرات اور روحوں سے نہیں وہ ان کا پرمیشر کاہے کا ہوا اور کن معنوں سے کہہ سکتے ہیں کہ وہ روحوں اور ذرات کا پرمیشر ہے اور یہ اضافت کس بناء پر ہوسکتی ہے کہ خدا روحوں اور ذرات کا پرمیشر ہے۔ یا تو اضافت مِلک کی ہوتی ہے جیسے کہا جائے کہ غلام زید یعنی زید کا غلام۔ سو مملوک ہونے کی کوئی وجوہ چاہئیں اور کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی کہ کیوں آزاد چیزوں کو جو اپنے قویٰ قدیم سے آپ رکھتی ہیں پرمیشر کی بلاوجہ مِلک قرار دیا جائے۔ اور یا اضافت کسی رشتہ کی وجہ سے ہوتی ہے۔ جیسا کہ کہا جائے پسر زید۔ لیکن ارواح اور ذرات کا پرمیشر کے ساتھ رشتہ عبودیت اور ربوبیت نہیں تو یہ اضافت بھی ناجائز ہے اور اس حالت میں یہ بات بالکل سچ ہے کہ ایسے بے تعلق روحوں کے لئے نہ تو پرمیشر کا وجود کچھ مفید ہے اور نہ اس کا عدم کچھ مضر ہے۔ بلکہ ایسی حالت میں نجات جس کو آریہ سماج مکتی کہتے ہیں بالکل غیر ممکن اور ممتنع امر ہے۔ کیونکہ نجات کا تمام مدار خداتعالیٰ کی محبت ذاتیہ پر ہے اور محبت ذاتیہ اس محبت کا نام ہے جو روحوں کی فطرت میں خداتعالیٰ کی طرف سے مخلوق ہے۔ پھر جس حالت میں ارواح پرمیشر کی مخلوق ہی نہیں ہیں تو پھر ان کی فطرتی محبت پرمیشر سے کیونکر ہوسکتی ہے اور کب اور کس وقت پرمیشر نے ان کی فطرت کے اندر ہاتھ ڈال کر یہ محبت اس میں رکھ دی۔ یہ تو غیر ممکن ہے۔ وجہ یہ کہ فطرتی محبت اس محبت کا نام ہے جو فطرت کے ساتھ ہمیشہ سے لگی ہوئی ہے اور پیچھے سے لاحق نہ ہو۔ جیسا کہ اسی طرف اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں یہ اشارہ فرماتا ہے جیسا کہ اس کا یہ قول ہے...... (الاعراف:173) یعنی میں نے روحوں سے سوال کیا کہ کیا میں تمہارا پیدا کنندہ نہیں ہوں تو روحوں نے جواب دیا کہ کیوں نہیں۔ اس آیت کا یہ مطلب ہے کہ انسانی روح کی فطرت میں یہ شہادت موجود ہے کہ اس کا خدا پیدا کنندہ ہے۔ پس روح کو اپنے پیدا کنندہ سے طبعاً و فطرتاً محبت ہے اس لئے کہ وہ اس کی پیدائش ہے اور اسی کی طرف اس دوسری آیت میں اشارہ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے...... (الروم:31) یعنی روح کا خدائے واحد لاشریک کا طلب گار رہنا اور بغیر خدا کے وصال کے کسی چیز سے سچی تسلی نہ پانا یہ انسانی فطرت میں داخل ہے یعنی خدا نے اس خواہش کو انسانی روح میں پیدا کر رکھا ہے جو انسانی روح کسی چیز سے تسلی اور سکینت بجز وصال الٰہی کے نہیں پاسکتی۔ پس اگر انسانی روح میں یہ خواہش موجود ہے تو ضرور ماننا پڑتا ہے کہ روح خدا کی پیدا کردہ ہے جس نے اس میں یہ خواہش ڈال دی۔ مگر یہ خواہش تو درحقیقت انسانی روح میں موجود ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ انسانی روح درحقیقت خدا کی پیدا کردہ ہے۔

(چشمہ مسیحی۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 362)

اللہ تو خود سلام ہے

حضرت عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ (آغاز میں) جب ہم رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھتے تھے تو کہتے تھے۔ اللہ پر اور فلاں فلاں پر سلام ہو۔ رسول اللہؐ ایک بار ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا یقیناً اللہ تو خود سلام ہے۔ تم کہا کرو التحیات للّٰہ والصلوات و الطیبات اے نبی تجھ پر سلام ہو اور اس کی رحمتیں اور برکتیں ہوں۔ ہم پر بھی سلام ہو اور اللہ کے نیک بندوں پر سلامتی ہو۔

(صحیح بخاری کتاب الاذان باب التشھد حدیث نمبر791)

حضور انور ایدہ اللہ کا کینیڈا سے خطبہ جمعہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کینیڈا کے دورہ کے دوران 4 جولائی 2008ء کو خطبہ جمعہ کینیڈا میں ارشاد فرمائیں گے۔ حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ ایم ٹی اے پر لائیو نشر کیا جائے گا۔

پاکستانی وقت کے مطابق

لائیو نشریات کا آغاز 5 جولائی 2008ء ایک بجے صبح
لائیو خطبہ جمعہ 1:30 بجے صبح

(ناظر اشاعت)

ضرورت سٹاف

(برئے دارالحمد ہوسٹل لاہور)

نظارت تعلیم کو اپنے ادارہ ''دارالحمد ہوسٹل لاہور'' کے لئے سپرنٹنڈنٹ اور اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کی ضرورت ہے۔ انتظامی امور کا تجربہ رکھنے والے احمدی احباب جو خدمت کا جذبہ رکھتے ہوں، تعلیم انٹرمیڈیٹ ہو، عمر 40 سال سے زائد ہو۔ وہ مقامی صدر صاحب جماعت کی تصدیق کے ساتھ اپنی درخواست نظارت تعلیم کو ارسال فرمائیں۔ مناسب مشاہرہ دیا جائے گا۔ فوری رابطہ کیلئے نظارت تعلیم کا فون نمبر: 047-6212473 ہے۔

(نظارت تعلیم)

دارالضیافت میں سیکیورٹی گارڈ کی خالی آسامیاں

دارالضیافت میں سیکیورٹی گارڈ کی چار خالی آسامیوں کے لئے 9 جولائی 2008ء صبح ساڑھے گیارہ بجے انٹرویو ہوگا۔ خواہشمند احباب صدر صاحب محلّہ کی سفارش کے ساتھ اپنی درخواست اور شناختی کارڈ ہمراہ لے کر آئیں۔ عمر 40 سال سے کم نہ ہو۔ سابقہ فوجی کو ترجیح دی جائے گی۔ انٹرویو دارالضیافت میں ہوگا۔

(نائب ناظر ضیافت۔ ربوہ)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

حضرت خلیفۃ المسیح الاول (حالات اور خدمات)

نمبر 1

سوال: حضور کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی۔
جواب: حضور 1841ء میں بھیرہ ضلع سرگودھا کے محلّہ معماراں میں پیدا ہوئے۔
سوال: حضور کے والد اور والدہ کا کیا نام تھا۔
جواب: والد صاحب کا نام حافظ غلام رسول اور والدہ صاحبہ کا نام نور بخت تھا۔
سوال: حضور کی کنیت کیا تھی۔
جواب: حضور کی کنیت ابو اسامہ تھی۔
سوال: حضور نے حرمین شریفین کا سفر کب فرمایا اور حج بیت اللہ کی سعادت کب پائی۔
جواب: 1865ء میں۔
سوال: حضور کی پہلی شادی کب اور کس سے ہوئی۔
جواب: محترمہ فاطمہ بی بی صاحبہ بنت مفتی شیخ مکرم صاحب قریشی عثمانی سے 1871ء میں ہوئی۔
سوال: حضور کو آنحضرتؐ کی چالیس صحیح احادیث کا راوی بننے کا شرف کس سے حاصل ہوا۔
جواب: حضرت شاہ عبدالغنیؒ صاحب سے۔
سوال: حضور نے ریاست جموں و کشمیر میں کب ملازمت کا آغاز کیا۔
جواب: 1877ء میں۔
سوال: حضور کی کتاب ''فصل الخطاب فی مسئلۃ فاتحۃ الکتاب'' کی اشاعت کب ہوئی۔
جواب: 1879ء میں۔
سوال: حضور نے قرآن کریم کب حفظ کیا۔
جواب: 1881ء میں کشمیر کے ایک ماہ کے سفر کے دوران چودہ پارے حفظ کر لئے باقی پارے بعد میں حفظ کئے۔
سوال: حضور کس جگہ اور کس سکول میں ہیڈ ماسٹر رہے اور کتنی مدت تک۔
جواب: ورنیکلر (Vernacular) مڈل سکول پنڈ دادنخان میں چار سال تک ہیڈ ماسٹر رہے۔
سوال: حضور کا رسالہ جو ضلع گورداسپور سے جاری تھا اس کا نام کیا تھا۔
جواب: انتخاب الحکمت۔
سوال: حضرت مسیح موعود سے پہلا غائبانہ تعارف کب حاصل ہوا۔
جواب: 1882ء میں ''براہین احمدیہ'' اور حضرت مسیح موعود کے اشتہارات دیکھ کر۔
سوال: حضور کی قادیان پہلی بار آمد کب ہوئی اور شرف ملاقات کب حاصل ہوا۔
جواب: 1885ء میں۔
سوال: حضور نے کب حضرت مسیح موعود کی تصنیف ''سرمہ چشم آریہ'' کی سو جلدیں خرید کر مفت تقسیم کیں۔
جواب: 1886ء میں۔
سوال: حضور کی تصنیف ''فصل الخطاب لمقدمۃ اہل الکتاب'' کی اشاعت کب ہوئی۔
جواب: 1888ء میں۔
سوال: حضور کا عقد ثانی کب ہوا۔
جواب: مارچ 1889ء میں حضرت صغریٰ بیگم صاحبہ بنت حضرت منشی احمد جان صاحب کے ساتھ ہوا۔ حضرت مسیح موعود بھی بارات کے ساتھ لدھیانہ تشریف لے گئے۔
سوال: حضور نے حضرت مسیح موعود کی بیعت کا شرف کب حاصل کیا۔
جواب: 23 مارچ 1889ء کو سب سے پہلے آپ نے بیعت کی۔
سوال: حضور کی والدہ ماجدہ کا انتقال کب ہوا۔
جواب: مئی 1889ء میں۔
سوال: حضور نے اپنی کتاب ''ایک عیسائی کے تین سوالوں کا جواب'' کب شائع فرمائی۔
جواب: 1889ء میں۔
سوال: پنڈت لیکھرام کی تصنیف ''تکذیب براہین احمدیہ'' کے جواب میں کونسی کتاب تصنیف فرمائی۔
جواب: 1890ء میں ''تصدیق براہین احمدیہ'' تحریر فرمائی۔
سوال: حضور نے ''ردتناسخ'' کب تصنیف فرمائی۔
جواب: 1891ء میں۔

فیضان خلافت

ہم جسم ہیں اور جان خلافت میں ہے اپنی
زندہ ہمیں کر دیتا ہے عنوانِ خلافت

ہر اک کو اطاعت میں ہے سبقت کی تمنا
سنتی ہے جماعت جونہی فرمانِ خلافت

تج دینا ہے دنیا کے مزے دین کی خاطر
بیعت کا یہ مفہوم یہ عرفانِ خلافت

اس سائے میں عافیت و آرام بہت ہے
تاحدِ زمیں پھیلا ہے دامانِ خلافت

اک تار میں بکھرے ہوئے دانوں کو پرویا
کچھ کم تو نہیں ہم پہ یہ احسانِ خلافت

میں چاہوں بھی گننا تو نہ گن پاؤں گی ہرگز
بارش کی طرح برسے ہیں فیضانِ خلافت

یہ نعمتِ عظمیٰ ہے یہ بخشش ہے خدا کی
منہاج نبوت میں نہاں جانِ خلافت

اللہ نے خود تاجِ خلافت جسے بخشا
عرشی وہی مہدی وہی سلطان خلافت

ا۔ع۔ ملک

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب

رفیق حضرت مسیح موعود

حضرت بابو جمال الدین کلیم صاحب۔ گوجرانوالہ

حضرت بابو جمال الدین صاحب ولد مکرم محمد سلطان صاحب گلی باغ مہان سنگھ گوجرانوالہ شہر کے رہنے والے تھے اور محکمہ ریلوے میں ملازم تھے پہلے سٹیشن ماسٹر رہے بعد ازاں ریلوے انسپکٹر متعین ہوئے۔ آپ بحیثیت سٹیشن ماسٹر ڈومیلی ضلع جہلم میں متعین تھے جہاں آپ کو احمدیت کا پیغام پہنچا، مولوی محمد فضل صاحب چنگوی (وفات جون 1938ء) اپنی ایک روایت میں احمدیت سے تعارف کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"1894ء کو.... ایک صاحب سردار شیر باز خان صوبہ دار میجر باشندہ عمرال تحصیل جہلم مجھے اپنے بچوں کو اتالیق کر کے عمرال میں لے گئے، میں گاہے گاہے بطور تفریح طبع نزدیک کے سٹیشنوں ترکی، ڈومیلی، سوہاوا جایا کرتا اور علیٰ ھذا القیاس ایک دفعہ جبکہ میں بابو جمال الدین صاحب سٹیشن ماسٹر باشندہ گوجرانوالہ کا ڈومیلی سٹیشن پر مہمان تھا، ڈاکٹر بوڑے خان مرحوم ڈومیلی سٹیشن پر اترے، بابو صاحب نے مجھے ان سے انٹروڈیوس کرا کر مجھے کہا کہ ڈاکٹر صاحب مرزا غلام احمد قادیانی کے مرید ہیں"۔

(الحکم 17 دسمبر 1904ء صفحہ 9 کالم 1)

حضرت مسیح موعود نے اپنی کتاب تریاق القلوب میں لیکھرام کے نشان کے متعلق مصدقین میں 46 ویں نمبر پر آپ کا نام اور خلاصہ عبارتِ تصدیق درج فرمایا ہے:

"46۔ جمال الدین سٹیشن ماسٹر ڈومیلی۔ پیشگوئی پوری اور کامل طور سے پوری ہوگئی۔"

(تریاق القلوب، روحانی خزائن جلد 15 صفحہ 180)

آپ کے بیٹے حضرت شیخ محمد اسماعیل صاحب بیان کرتے ہیں:

"میرے والد صاحب نے 1898ء کے قریب حضرت اقدس کی بیعت کی تھی وہ ڈومیلی میں سٹیشن ماسٹر تھے کہ وہاں ایک شخص نے حضرت اقدس کا ذکر کیا انھوں نے پختہ ارادہ کر لیا کہ قادیان جا کر اس شخص کو ضرور دیکھنا ہے چنانچہ وہ رخصت لے کر گوجرانوالہ آئے اور یہاں سے قادیان گئے بغیر کسی دلیل کے حضرت اقدس کا چہرہ دیکھ کر ہی وہ ایمان لے آئے۔

مجھے یاد ہے کہ میرے والد صاحب، منشی مولا بخش صاحب مرحوم اور میں ایک دفعہ حضرت اقدس کی خدمت میں واپسی کی اجازت لینے کے لیے گئے حضرت اقدس نے بہت سی باتیں کیں مگر مجھے صرف اتنا یاد ہے کہ حضور نے فرمایا جلدی جلدی قادیان آیا کرو"۔ (رجسٹر روایات رفقاء نمبر 10 صفحہ 109)

حضور کی وفات کے بعد خلافت احمدیہ کی حقانیت پر ایمان لاتے ہوئے اس کے ساتھ وابستہ رہے خلافت ثانیہ کے انتخاب پر بیرونی جماعتوں کی اطلاع کے لیے اعلان کنندگان کا جو اشتہار شائع ہوا ہے اس میں آپ کا نام "بابو جمال الدین ٹریفک سپرنٹنڈنٹ لاہور" بھی شامل ہے۔

(الفضل 18 مارچ 1914ء صفحہ 16)

اسی سال جب گوجرانوالہ میں انجمن احمدیہ کا قیام عمل میں آیا تو آپ اس انجمن کے امین مقرر ہوئے۔

(الفضل 23 مئی 1914ء صفحہ 2 کالم 1)

آپ نے 14 دسمبر 1924ء کو بعمر تقریباً 55 سال بٹالہ میں وفات پائی، آپ ابتدائی موصیان میں سے تھے آپ کا وصیت نمبر 58 تھا، اخبار الحکم نے آپ کی خبر وفات دیتے ہوئے لکھا:

"14/دسمبر 1924ء کو بابو جمال الدین صاحب جو حضرت مسیح موعود کے مخلص (رفقاء) میں سے تھے، بٹالہ بعارضہ نمونیہ فوت ہوگئے، 15 دسمبر کو ان کی لاش بذریعہ موٹر قادیان لائی گئی حضرت خلیفۃ المسیح نے ایک کثیر جماعت کو لے کر ان کا جنازہ پڑھا اور آپ نے ان کے جنازہ کو کندھا دیا، مرحوم مقبرہ بہشتی میں دفن ہوئے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی رضا کے مقام پر اٹھائے۔ بابو صاحب کے خاندان سے اس صدمہ میں عام ہمدردی ہے۔"

(اخبار "الحکم" 21 دسمبر 1924ء صفحہ 8 کالم 1)

آپ کی اہلیہ کا نام حضرت جیواں بی بی صاحبہ تھا جو خود زمرہ رفقاء احمد میں شامل تھیں، بیوہ ہونے کے بعد نواں پنڈ احمد آباد نزد قادیان میں رہیں، ان کی روایات بھی رجسٹر روایات رفقاء میں محفوظ ہیں، وہ بیان کرتی ہیں:

"جب حضرت مسیح موعود مہندی لگایا کرتے تھے۔ سر اور ریش مبارک پر ہاتھ بھگو کر آہستہ آہستہ مہندی اتار کر پھر پانی سے ہاتھ دھوتے تھے اور صاف کرنے کے لیے تولیہ منگواتے تھے اس سے صاف کرتے تھے اور کبھی وضو کے لیے پانی کا لوٹا طلب کرنے پر حاضر کیا کرتی تھی۔ شادی خان مرحوم کی والدہ ہوتی تھی جن کو عام دادی صاحبہ بولتے تھے اور مولوی عبدالکریم مرحوم کا نکاح شادی خان کی لڑکی سے حضرت مسیح موعود نے پڑھا، میں گھر میں موجود تھی اور صوفی غلام محمد صاحب حضرت مسیح موعود کو قرآن کریم آکر صحن میں کھڑے ہو کر سنایا کرتے تھے۔"

(رجسٹر روایات رفقاء نمبر 8 صفحہ 282)

حضرت جیواں بی بی صاحبہ نے مورخہ 28 نومبر 1943ء کو وفات پائی اور بوجہ موصیہ ہونے کے بہشتی مقبرہ قادیان میں دفن ہوئیں۔

حضرت بابو صاحب کی اولاد میں ایک بیٹا اور دو بیٹیاں تھیں:

1۔ حضرت شیخ محمد اسماعیل صاحب (وفات 25 دسمبر 1983ء بعمر 93 سال۔ ربوہ)

2۔ محترمہ محمودہ بیگم صاحبہ زوجہ حضرت مولوی محمد الدین صاحب ایم اے سابق ناظر تعلیم

3۔ محترمہ اقبال بیگم صاحبہ زوجہ حضرت سردار محمد یوسف صاحب ایڈیٹر رسالہ "نور"

حضرت بابو صاحب کی ایک پوتی محترمہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ بنت حضرت شیخ محمد اسماعیل صاحب سلسلہ احمدیہ کے ایک مخلص اور فدائی وجود محترم محبوب عالم خالد صاحب سابق صدر صدر انجمن احمدیہ (وفات 2004ء) کے عقد میں آئیں ان کے بیٹے مکرم منور شمیم خالد صاحب نائب صدر انصار اللہ پاکستان حضرت بابو صاحب کے متعلق بیان کرتے ہیں:

"آپ ہماری والدہ ماجدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ کے دادا اور ہمارے پڑنانا تھے۔ پورا نام بابو شیخ جمال الدین کلیم تھا، کشمیری شیخ تھے اور علمی گھرانے سے تعلق تھا، ادبی و علمی ذوق وشوق کی وجہ سے کلیم تخلص کے ساتھ ہلکی پُھلکی شعر و شاعری کا شغف بھی رکھتے تھے۔

حضرت مسیح موعود کی اس بابرکت نصیحت کہ "قادیان جلدی جلدی آیا کرو" پر آخر دم تک عمل پیرا رہے اور محکمانہ ترقی سے جب حضرت بابو جمال الدین صاحب ریلوے انسپکٹر بنے تو پھر اور زیادہ آسانی سے دیار مسیح کے روحانی ماحول سے فیض یاب ہونے کے لیے اپنے دوروں کا پروگرام بناتے، اپنا خصوصی کمپارٹمنٹ (ریلوے سیلون) گورداسپور/بٹالہ سٹیشن پر کھڑا کرا کے وہاں سے قادیان جا کر روحانی مائدہ سمیٹتے اور پھر آگے بقیہ دورہ مکمل کرتے۔ ایک بار جب حضرت بابو صاحب قادیان پہنچے تو بیت مبارک میں نماز مغرب کے بعد مجلس عرفان جاری تھی اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی احباب کو جماعت کی تعداد بڑھانے کے لیے توجہ دلا رہے تھے کہ دعوت الی اللہ پر زور دیں! جتنی زیادہ دعوت الی اللہ ہوگی اتنے ہی زیادہ بیعتوں سے احمدی بڑھیں گے، مزید فرمایا کہ اس کے علاوہ افراد جماعت بڑھانے کا دوسرا طریق یہ ہے کہ ایسے شادی شدہ احمدی جو وسائل رکھتے ہوں وہ دوسری شادی کر کے اپنی نسل اور جماعت کی تعداد میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ جب حضرت بابو صاحب نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے یہ ارشادات سنے تو اِسْمَعُوْا وَ اَطِیْعُوْا کی تعلیم کے مطابق آپ نے وہیں مجلس عرفان میں بیٹھے بیٹھے سوچا کہ حضور انور کی اس تجویز پر دوسری شادی کے لیے تو کئی احباب تیار ہو جائیں گے لیکن جب تک ماں باپ اپنی بیٹیاں اِس نیک مقصد کے لیے پیش نہ کریں گے اس تجویز پر عمل کیسے ممکن ہوسکتا ہے؟ حضرت بابو صاحب کی اولاد بفضل اللہ تعالیٰ ایک بیٹا اور دو بیٹیاں تھیں جن کو سامنے رکھتے ہوئے آپ نے اسی وقت فیصلہ کر لیا کہ اپنی دونوں پیاری بیٹیوں کے نام خلیفۃ المسیح کی خدمت میں پیش کر کے درخواست کریں کہ ان کی شادیاں جہاں مناسب سمجھیں کر دیں اور آپ نے ایسا ہی کیا اور اپنی دونوں بچیوں محمودہ بیگم اور اقبال بیگم کی قادیان میں شادی کے لیے نام پیش کر دیے۔ چنانچہ آپ کی دونوں بیٹیوں کی شادیاں قادیان دارالامان میں ہوئیں۔ محترمہ محمودہ بیگم صاحبہ کی شادی حضرت مولوی محمد الدین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے ساتھ ہوئی اہلیہ ثانی کے طور پر جبکہ اہلیہ اول سے حضرت مولوی صاحب کی دو بیٹیاں اور ایک بیٹا موجود تھے۔

حضرت بابو صاحب کو اللہ تعالیٰ نے اس بیٹی سے دو نواسیاں سعیدہ بیگم اور صادقہ بیگم عطا کیں۔ دوسری بیٹی محترمہ اقبال بیگم صاحبہ کی شادی حضرت سردار محمد یوسف صاحب رفیق حضرت مسیح موعود (ایڈیٹر رسالہ "نور") کے ساتھ ہوئی جن کی پہلی بیوی تین چار چھوٹے چھوٹے بچوں کو چھوڑ کر وفات پا چکی تھیں، ایڈیٹر "نور" سکھ مذہب سے 1906ء میں احمدی ہوئے تو حضرت اقدس نے خوشی کا اظہار فرمایا، قرآن کریم کا گورمکھی زبان میں ترجمہ کرنے کی بفضل اللہ تعالیٰ توفیق پائی، آپ نے اپنے اخبار نور کو سکھوں میں دعوت الی اللہ کرنے کے لیے خوب استعمال کیا، ہمارے نانا جان حضرت شیخ محمد اسماعیل صاحب کی اس بہن محترمہ اقبال بیگم صاحبہ نے نہ صرف ماں سے محروم ہونے والے چھوٹے بچوں کو سنبھالا اور ان کی اچھی پرورش اور تعلیم و تربیت کی بلکہ خدا نے حضرت سردار یوسف صاحب کو اپنی اس دوسری اہلیہ سے چار بیٹے ہارون رشید، محمد ادریس، محمد بشیر اور محمد یحیٰ نور اور دو بیٹیاں صادقہ اور مبارکہ عطا کیں، بڑے بیٹے ہارون ڈاکٹر بنے لیکن افسوس سکھوں کے ایک سالانہ تہوار/میلہ میں سرکاری ڈیوٹی دیتے ہوئے شہید کر دیے گئے اور میت غائب کر دی گئی اُن کی اہلیہ کو زخمی کر کے نہر میں پھینک دیا گیا، دوسرے بیٹے ادریس صاحب نے کاروبار اختیار کیا، تیسرے بیٹے بشیر نور صاحب محکمہ فوڈ میں افسر بنے اور سب سے چھوٹے بیٹے یحیٰ نور صاحب نے ہاکی کے کھلاڑی کے طور پر تقسیم ہند سے قبل قومی سطح پر اپنا لوہا منوایا....

حضرت بابو شیخ جمال الدین صاحب کلیم نے اپنے اکلوتے بیٹے اسماعیل کو سکول کی تعلیم کے لیے قادیان بھجوایا..... پُرانی یادیں تازہ کرتے ہوئے نانا جان حضرت شیخ محمد اسماعیل صاحب نے بتایا کہ قادیان میں سکول کی تعلیم کے زمانہ میں فٹ بال وغیرہ کھیلتے تو بعض دفعہ حضرت اقدس کے بیٹے میاں محمود اور میاں بشیر بھی ہمارے ساتھ کھیل میں شریک ہوجاتے تھے۔ 26 مئی 1908ء میں جب لاہور سے حضرت اقدس کی وفات کی اطلاع قادیان پہنچی تو تمام طلباء کی ڈیوٹیاں لگ گئیں میں نے بیت مبارک کی چھت پر تمام رات پہرہ کی ڈیوٹی دی.... حضرت شیخ محمد اسماعیل صاحب نے 93 سال کی عمر میں 25 دسمبر

(باقی صفحہ 6 پر)

محترم سید میر محمود احمد صاحب ناصر

حضرت سیدہ چھوٹی آپا کی بعض صفات حسنہ

قلمی خدمت

حضرت چھوٹی آپا کو جن خدمات کی توفیق ملی ان میں سرفہرست وہ قلمی کام ہے جو حضرت مصلح موعودؓ کی نگرانی میں آپ نے کیا۔ بتاتی تھیں کہ شادی کے شاید پہلے دوسرے دن ہی حضرت مصلح موعودؓ نے مجھے کوئی چھوٹی سی بات لکھوانے کے لئے قلم دیا اور پھر مجھے قلم تھما ہی دیا۔

حضور کے الہامات، تقاریر کے نوٹس، نظمیں، خطوط کے جوابات، مضامین، طبی نسخے، عطر کے نسخے، حساب کتاب بہت کثرت سے آپ نے لکھے۔ حضور کی بیماری میں تو عملاً پرائیویٹ سیکرٹری کے کام کا بہت سا حصہ حضرت چھوٹی آپا کے ہاتھوں ہوتا تھا۔ تفسیر صغیر کا عظیم الشان ترجمہ حضور نے آپ کو ہی لکھوایا۔

مادرانہ شفقت

چھوٹی آپا کی ایک نمایاں خوبی جماعت کی خواتین اور بچیوں کے لئے مادرانہ شفقت کا انداز تھا۔ ہر ایک سے ملتیں۔ نہ دن نہ رات۔ ہر ایک سے یکساں ملاقات کا انداز۔ نہ غریب سے کوئی فرق نہ امیر و اہل ثروت سے کوئی جھجک۔ کوئی اپنا مسئلہ پیش کر رہا ہے کوئی دعا کی درخواست کر رہا ہے کوئی مشورہ مانگ رہا ہے کوئی راہنمائی طلب کر رہا ہے۔ ہر ایک کی شادی میں شامل ہوتیں۔ ہر ایک مریض کی عیادت کرتیں۔ ہر ایک ولادت پر گھر جا کر مبارکباد دیتیں۔ خوشی کے مواقع پر گھر والوں کو تحفہ دیتیں کبھی اپنے ہاتھ سے نومولود بچوں کے لئے سویٹر بن کر پیش کرتیں۔ غمی کے مواقع پر گھروں میں جا کر دلجوئی کرتیں۔ کئی مواقع پر زچہ کی نگہداشت کے لئے کئی کئی دن ہسپتال جا کر رہتیں۔

عشق قرآن

حضرت مصلح موعودؓ کو قرآن مجید سے عشق تھا یہ عشق حضرت چھوٹی آپا کو بھی ملا۔ خود تو قرآن پڑھتی تھیں نوٹس لیتی تھیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ کی ترجمہ کلاس اور درس القرآن M.T.A پر باقاعدہ اور بڑے اہتمام سے سنتیں اور قرآن شریف ہاتھ میں ہوتا۔ قرآن مجید جس کو استعمال کرتی تھیں چند دن قبل میں دیکھ کر حیران رہ گیا کہ دو دو سو صفحات کے فاصلہ سے آیات پر Cross ریفرنس ہے۔ بتاتی تھیں کہ حضرت مصلح موعودؓ نے ان کو پڑھانے کیلئے قرآن شریف کے ایک درس کا سلسلہ شروع فرمایا۔ بعض واقفین زندگی نے بھی اس درس میں شامل ہونے کی خواہش کی چنانچہ حضور نے اوپر کمرہ میں یہ درس جاری کر دیا اور واقفین بیت مبارک کی چھت پر بیٹھتے اور درس میں شامل ہوتے۔ یہاں ربوہ میں چھوٹی آپا صبح بہت سویرے لڑکیوں کو قرآن مجید کا ترجمہ پڑھانا شروع کر دیتی تھیں بیچ میں اٹھ کر ایک پیالی چائے پیتی تھیں۔ لڑکیاں مختلف محلوں سے آتی تھیں اور یہ بات مشہور ہو گئی تھی کہ جو لڑکی ترجمہ آپ سے پڑھ لیتی اس کی شادی (غیر متوقع طور پر) ہو جاتی۔ آج ہی ایک دوست جو شاید بہاولنگر سے جنازہ میں شرکت کے لئے آئے تھے بتا رہے تھے کہ میری بیٹی نے ابھی بائیس سیپارے چھوٹی آپا سے ترجمہ مکمل نہیں کئے تھے کہ اس کی شادی ہو گئی (ان کی شاگردوں کی تعداد سینکڑوں میں ہے۔)

صبر وضبط

ایک وصف جو میں نے بہت قریب سے ان میں دیکھا وہ غیر معمولی صبر وضبط کی صفت تھی۔

حضرت مصلح موعودؓ کی وفات دل ہلا دینے والا صدمہ تھی مگر انتہائی صبر و سکون کے ساتھ اس کو برداشت کیا۔ سفر میں گرمی دھوپ پیاس پر سب لوگ تکلیف کا اظہار کرتے مگر چھوٹی آپا کی زبان پر کبھی شکایت کا حرف نہ آتا۔ گھٹنے کی تبدیلی کے آپریشن پتہ نکالنے کے آپریشن اور پیٹ کے آپریشن کے مواقع پر میں بھی ان کی خدمت میں حاضر تھا اور ان کے صبر وضبط نفس کا عینی شاہد ہوں۔

وسعت مطالعہ

چھوٹی آپا کا مطالعہ بہت وسیع تھا رات کو خاصی دیر سے سوتی تھیں اور رات گئے تک مطالعہ کرتی تھیں۔ مگر نمازوں میں ناغہ کا کوئی تصور نہ تھا۔ الحاح کے ساتھ اول وقت میں نماز ادا کرتی تھیں۔ گھٹنوں میں شدید درد کی تکلیف تھی مگر نماز میں تساہل کا کوئی سوال نہ تھا۔ اور روزہ کی پابندی تو اس حد تک پہنچ گئی تھی کہ ایک سال میں نے اور (بی بی) نے ڈاکٹری ہدایت دلوائی کہ روزہ رکھنا مناسب نہیں۔

ایک سعادت

حضرت چھوٹی آپا کو یہ سعادت بھی حاصل ہے کہ حضرت مصلح موعودؓ نے جب قادیان سے ہجرت کا سفر کیا تو آپ حضور کے ساتھ شریک سفر تھیں۔

حضرت اماں جان کی خدمت

حضرت چھوٹی آپا کو ایک زبردست سعادت جو سالہا سال تک حاصل رہی حضرت اماں جان کی خدمت اور معیت تھی۔ چھوٹی آپا کے پاس قادیان میں حضرت اماں جان کے گھر کے جملہ انتظامات کی ذمہ داری تھی اور یہ خدمت ربوہ میں بھی جاری رہی۔ حضرت اماں جان سے چھوٹی آپا کے رشتے تو گہرے اور مضبوط تھے مگر چھوٹی آپا اور ان کے ساتھ بی بی کو حضرت اماں جان کی غیر معمولی خدمت کی سعادت ملی۔ حضرت مصلح موعودؓ چھوٹی آپا کو حضرت اماں جان کی خدمت کی خاص تاکید فرماتے اس کا علم مجھے اس طرح بھی ہوا کہ حضرت مصلح موعودؓ کی وفات کے بعد جب حضرت چھوٹی آپا پہلی دفعہ حضور کے مزار پر دعا کے لئے گئیں تو بی بی متین اور خاکسار بھی ہمراہ تھے۔ چھوٹی آپا نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے دعا شروع کی مگر دو ایک منٹ کے بعد وہاں سے ہٹ کر حضرت اماں جان کے مزار کے سامنے کھڑی ہوئیں اور لمبی دعا کی پھر حضرت مصلح موعودؓ کے مزار پر واپس جا کر دعا کی۔ بعد میں بتایا کہ جب میں نے حضور کے مزار پر دعا شروع کی تو ایسا محسوس ہوا کہ حضرت مصلح موعودؓ سامنے آ کر کھڑے ہو گئے اور گھور کر مجھے دیکھا کہ ساری عمر تو میں یہ سبق دیتا رہا ہوں کہ پہلے اماں جان کا خیال رکھنا ہے اور پھر اس کے بعد میرا مگر تم ان کے مزار پر دعا سے پہلے میرے مزار پر دعا کر رہی ہو۔ حضرت مصلح موعودؓ نے جس رنگ میں چھوٹی آپا کی تربیت فرمائی یہ اس کی ایک جھلک ہے۔

درس قرآن

حضور کے رمضان میں M.T.A پر درس قرآن شروع کرنے سے پہلے رمضان میں گھر پر ہر سال خاندان میں قرآن مجید کا درس دیتی رہیں جب حضور کا درس M.T.A پر آنے لگا تو خود درس دینا بند کر دیا۔

کئی بار یہ ذکر کیا کہ حضرت مصلح موعودؓ فرماتے تھے کہ تمہاری یہ بات مجھے بہت پسند ہے تم میرے بچوں سے محبت کرتی ہو اور ان سے شفقت کرتی ہو۔

اطاعت

حضرت چھوٹی آپا کو خلافت احمدیہ کی اطاعت اور ادب و احترام میں حد درجہ بلند مقام حاصل تھا۔ مجھے اور بی بی اور ہمارے بچوں کو خوب احساس ہے کہ چھوٹی آپا خود بھی دربار خلافت کے ہر حکم کو شرح صدر کے ساتھ ماننا اپنی سعادت سمجھتی تھی بلکہ یہی ہمیں سکھاتیں اور ایسا ماحول قائم کرتی تھیں جس سے یہ روح زندہ رہے۔ میں نے ان کو ہمیشہ خلافت کا وفادار فدائی دیکھا اور پایا۔

(بقیہ صفحہ 5)

2۔ نمیبیا میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم ستمبر کے پہلے اتوار کو شروع ہوتا ہے اور اپریل کے پہلے اتوار کو ختم ہوتا ہے۔

براعظم ایشیا

1۔ روس کی اکثر ریاستوں میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم مارچ کے آخری اتوار کو شروع ہوتا ہے اور اکتوبر کے آخری اتوار کو اختتام پذیر ہوتا ہے۔

2۔ عراق میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم یکم اپریل سے شروع ہو کر یکم اکتوبر تک جاری رہتا ہے۔

3۔ لبنان اور کرغزستان میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم مارچ کے آخری اتوار کو شروع ہوتا ہے اور اکتوبر کے آخری اتوار کو ختم ہوتا ہے۔

4۔ شام میں یکم اپریل سے یکم اکتوبر تک ڈے لائٹ سیونگ ٹائم جاری رہتا ہے۔

5۔ ایران میں فروردین کے پہلے دن سے لے کر مہر کے پہلے دن تک ڈے لائٹ سیونگ ٹائم رائج ہے۔

براعظم آسٹریلیا

1۔ آسٹریلیا، جنوبی آسٹریلیا، وکٹوریا، آسٹریلین دارالحکومت کے علاقے، نیو ساؤتھ ویلز، اور لارڈ ہاؤ آئی لینڈ میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم اکتوبر کے آخری اتوار سے شروع ہو کر مارچ کے آخری اتوار تک جاری رہتا ہے۔

2۔ آسٹریلیا، تسمانیہ میں یہ عرصہ اکتوبر کے پہلے اتوار سے لے کر مارچ کے آخری اتوار تک محیط ہے۔

براعظم یورپ

1۔ یورپین یونین مارچ کے پہلے اتوار کو UTC کے مطابق رات کو ایک بجے سے ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کا آغاز کرتی ہے اور یہ اکتوبر کے آخری اتوار کو UTC کے مطابق رات ایک بجے اختتام پذیر ہوتا ہے۔

2۔ روس میں مقامی وقت کے مطابق مارچ کے آخری اتوار کی رات دو بجے ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کا آغاز ہوتا ہے۔ یہ مقامی وقت ہی کے مطابق اکتوبر کی آخری اتوار کو رات دو بجے تک جاری رہتا ہے۔

براعظم شمالی امریکہ

1۔ امریکہ، کینیڈا، میکسیکو، سینٹ جونز، بہاماز وغیرہ میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم شروع ہونے کا دن اپریل کا پہلا اتوار ہے اور ختم ہونے کا دن اکتوبر کا آخری اتوار ہے۔

2۔ کیوبا میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم یکم اپریل سے شروع ہو کر اکتوبر کے آخری اتوار تک جاری رہتا ہے۔

3۔ گرین لینڈ میں یورپین یونین کے مطابق وقت میں تبدیلی کی جاتی ہے۔

براعظم جنوبی امریکہ

1۔ برازیل میں ہر سال ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کے قاعدے میں تھوڑی سی تبدیلی آتی ہے اور استوائی برازیل میں وقت تبدیل نہیں کیا جاتا۔ معیاری طور پر یہاں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کا عرصہ نومبر کے پہلے اتوار سے لے کر فروری کے تیسرے اتوار تک محیط ہے۔

2۔ چلی میں یہ عرصہ اکتوبر کے دوسرے ہفتے کو آدھی رات سے شروع ہو کر مارچ کے دوسرے ہفتے کو آدھی رات تک جاری رہتا ہے۔

3۔ فاکلینڈز میں پہلے اتوار یا 8 ستمبر سے شروع ہو کر پہلے اتوار یا 6 اپریل تک ڈے لائٹ سیونگ ٹائم جاری رہتا ہے۔

4۔ پیراگوئے میں یہ عرصہ ستمبر کے پہلے اتوار سے شروع ہو کر اپریل کے پہلے اتوار کو اختتام پذیر ہو جاتا ہے۔

''ڈے لائٹ سیونگ ٹائم'' کا بین الاقوامی نظام

سورج کی روشنی میں زیادہ وقت کام کرنے سے بجلی کی کافی بچت ہوتی ہے

ڈے لائٹ سیونگ ٹائم جسے دنیا کے کئی مقامات پر ''سمر ٹائم'' بھی کہتے ہیں، کا بنیادی مقصد دن کی روشنی کا بہتر استعمال ہے۔ گرمیوں کے مہینوں کے دوران لوگ دن کی روشنی کے ایک گھنٹے کو صبح سے شام کی طرف حرکت دینے کے لیے اپنی گھڑیوں میں ایک گھنٹے کی تبدیلی لاتے ہیں۔ اس تبدیلی کے لیے دنیا کے مختلف ممالک میں مختلف تاریخیں مقرر ہیں۔

دن کی روشنی کا زیادہ استعمال

جو لوگ خط استوا کے قریب رہتے ہیں ان کے لیے دن اور رات تقریباً یکساں طوالت یعنی بارہ بارہ گھنٹے کے لگ بھگ رہتے ہیں لیکن دنیا میں ایسے خطے بھی ہیں جہاں گرمیوں میں دن کی روشنی سردیوں کی نسبت زیادہ وقت کے لیے دستیاب ہوتی ہے۔ جو لوگ شمالی یا جنوبی قطب کے جتنا قریب ہوں گے گرمیوں میں ان کے ہاں ڈے لائٹ کا دورانیہ اتنا ہی زیادہ ہوگا۔ لہٰذا ٹروپکس میں عام طور پر ڈے لائٹ سیونگ ٹائم مددگار ثابت نہیں ہوتا اور خط استوا کے قریبی ممالک کے باسی عام طور پر اپنی گھڑیوں میں کوئی تبدیلی نہیں لاتے۔

بجلی کے استعمال میں کمی

یو ایس ڈیپارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹیشن کے تحت ہونے والی ایک رائے شماری کے نتائج سے واضح ہوتا ہے۔ امریکیوں کی اکثریت ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کو پسند کرتی ہے۔ سروے کے مطابق نیو ساؤتھ ویلز میں لوگوں کی 68 فیصد اکثریت نے اس کے حق میں ووٹ دیے۔ اس سروے کی رپورٹ سے بھی یہ ظاہر ہوا کہ ڈے لائٹ ٹائم سیونگ کی بدولت پورے ملک میں بجلی کے استعمال میں نمایاں کمی آئی۔

سونے اور جاگنے کے اوقات

گھروں کو روشن کرنے کے لیے توانائی کے استعمال اور بجلی کی مانگ کا براہ راست تعلق ہمارے سونے اور جاگنے کے معمولات سے ہوتا ہے۔ اکثر لوگ پورا سال شام دیر تک جاگتے رہتے ہیں۔ جب لوگ بستر پر جاتے ہیں تو روشنیاں بجھا دیتے ہیں اور ٹیلی ویژن وغیرہ آف کر دیتے ہیں۔ ایک اوسط گھرانے میں کل صرف شدہ بجلی کا 25 فیصد حصہ روشنی اور دوسری گھریلو اشیاء کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے ٹی وی، وی سی آر اور سٹیریو وغیرہ اور پھر روشنی اور دیگر گھریلو اشیاء کا زیادہ استعمال بھی شام کے بعد ہوتا ہے جب گھر کے سب لوگ گھر پر موجود ہوتے ہیں گھڑیوں کو ایک گھنٹہ آگے کر کے لوگ ہر دن میں استعمال ہونے والی بجلی کا ایک گھنٹہ بچا لیتے ہیں۔

گرمیوں میں علی الصبح بیدار ہونے والے لوگ بھی نسبتاً زیادہ توانائی استعمال کرتے ہیں۔ گھڑیوں میں ایک گھنٹہ کی پیش رفت سے ان کے بیدار ہونے کے مقررہ وقت پر قدرتی روشنی موجود ہوتی ہے۔ سروے کے مطابق اوسطاً 70 فیصد امریکی صبح 7 بجے سے پہلے بیدار ہو جاتے ہیں اتنی بڑی آبادی کے لیے صبح کے وقت کم روشنی کی وجہ سے بجلی کے استعمال کی مقدار کا بخوبی تصور کیا جا سکتا ہے۔

ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کے باعث سورج عام وقت کے مقابلے میں ایک گھنٹہ ''تاخیر'' سے غروب ہوتا ہے۔ اس طرح سورج غروب ہونے کے وقت اور بستر پر جانے کے وقت کے درمیان ایک گھنٹے کی کمی آ جاتی ہے جس کا مطلب ہے شام کو ہر دن توانائی کے استعمال میں بھی ایک گھنٹے کی کمی ہو جاتی ہے۔

بعض شکایات

ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کے مخالفین کی طرف سے اکثر آنے والی شکایات میں سے ایک یہ ہے کہ انہیں کئی گھڑیوں میں وقت تبدیل کرنا اور سونے کا نیا دورانیہ طے کرنا تکلیف دہ لگتا ہے۔ سونے کے اوقات میں بے ترتیبی بعض لوگوں کے لیے واقعی تکلیف دہ ہوتی ہے۔ دوسری عام شکایات ان لوگوں کی طرف سے سامنے آتی ہیں جو طلوع آفتاب سے پہلے اٹھنے کے عادی ہوتے ہیں یا جن کے معمولات کا تعلق سورج طلوع ہونے کے ساتھ ہوتا ہے جیسے کسان وغیرہ گھڑیوں میں اس تبدیلی کو پسند نہیں کرتے۔ کینیڈا کے ایک مرغبان مارٹی نوٹن بومر کا کہنا ہے کہ مرغیاں کئی ہفتے بیتنے تک گھڑیوں میں تبدیلی کو قبول نہیں کر پاتیں لہٰذا اپریل کا پہلا اور اکتوبر کا آخری ہفتہ ہمارے لیے بہت تکلیف دہ ہوتا ہے۔

سیونگ ٹائم کا ابتدائی تصور

ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کا تصور پہلے پہل بینجمن فرینکلن نے 1784ء میں ایک امریکن وفد کے ہمراہ پیرس میں قیام کے دوران اپنے ایک مضمون An Economical Project میں دیا تھا۔ فرینکلن کے چند دوست جو تیل سے جلنے والے ایک نئی طرز کے لیمپ کے موجد تھے۔ انہوں نے اس منصوبے کو بہت پسند کیا اور فرینکلن کے امریکہ لوٹ جانے کے بعد بھی ان سے اس حوالے سے خط و کتابت کرتے رہے۔

لندن کے ایک معمار ولیم ولیٹ (William Willett) نے اپنے ایک رسالے Waste of Daylight میں پہلی مرتبہ سنجیدگی کے ساتھ اس تصور کی حمایت کی۔ اپنی تحریر میں انہوں نے اپریل کی ہر اتوار کو (یعنی کل چار مرتبہ) گھڑیوں کو بیس بیس منٹ آگے کرنے اور اسی طرح ستمبر کی ہر اتوار کو بیس بیس منٹ واپس لانے کی تجویز پیش کی۔

گھڑیوں کو ایڈجسٹ کرنے کی تجویز

ولیٹ کی تجویز کے بارہ ماہ بعد اس تصور نے حکام کی توجہ اپنی جانب مبذول کرالی اور سر رابرٹ پیرس (Robert Pearce) نے ہاؤس آف کامنز میں ایک بل متعارف کرایا۔ جس میں گھڑیوں کو لازماً ایڈجسٹ کرنے کی تجویز دی گئی تھی۔ یہ بل 1909ء میں تیار ہوا اور کئی مرتبہ پارلیمنٹ کے سامنے پیش کیا گیا لیکن ہر مرتبہ اسے تضحیک اور سخت مخالفت کا سامنا کرنا پڑا، خاص طور پر کسانوں کے معمولات کے نکتہ نظر سے اسے تنقید کا نشانہ بنایا جاتا رہا۔ 4 مارچ 1915ء کو ولیٹ کا انتقال ہو گیا۔

مخالفت اور بعض فیصلے

ولیٹ نے چار حصوں پر تقسیم کر کے 80 منٹ بڑھانے کی پیچیدہ تجویز دی تھی۔ 17 مئی 1916ء کو ایک قانون پاس کیا گیا اور اس سکیم کو آنے والے اتوار یعنی 21 مئی 1916ء سے قابل عمل قرار دے دیا گیا۔ جرمنی نے بھی اس کا اتباع کیا۔ اس قانون کے پاس ہوتے ہی مخالفتوں کا ایک طومار بندھ گیا۔ رائل میٹیورولوجیکل سوسائٹی نے اصرار کیا کہ لہروں کی پیمائش کے لیے اب بھی گرینوچ ٹائم استعمال کیا جائے گا۔ آفس آف ورکس اور لندن کاؤنٹی کونسل نے شام ڈھلے کام ختم کرنے کا فیصلہ کیا جس کا مطلب تھا کہ انہیں شام کے ایک اضافی گھنٹے تک کام کرنا پڑا جبکہ دوسری طرف کیو گارڈنز نے ڈے لائٹ سیونگ سکیم کو نظر انداز کرتے ہوئے عام اوقات کو برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا۔

سمر ٹائم کا قانون

جنگ کے بعد پارلیمنٹ میں سمر ٹائم سے متعلق بہت سے قانون پاس ہوئے۔ آخرکار 1925ء میں یہ طے پایا کہ سمر ٹائم اپریل کے تیسرے اتوار کے اگلے دن شروع ہونا چاہیے اور اس روز ایسٹر کا دن ہونے کی صورت میں یہ کام ایک ہفتہ قبل کر لیا جائے۔ سمر ٹائم ختم ہونے کے لیے اکتوبر کے پہلے ہفتے سے ایک دن قبل کا وقت مقرر کیا گیا۔ اس عمل سے توانائی بچنے کے فوائد دوسری جنگ عظیم کے دوران سامنے آئے جب برطانیہ میں گرمیوں کے دوران گھڑیوں کو جی ایم ٹی سے دو گھنٹے آگے کر دیا جاتا تھا۔ اسے ڈبل سمر ٹائم کا نام دیا گیا۔ جنگ کے دوران سردیوں میں بھی گھڑیاں جی ایم ٹی سے ایک گھنٹہ آگے رکھی جاتی رہیں۔

70 ممالک میں

آج دنیا کے تقریباً 70 ممالک ایسے ہیں جن کا مکمل یا جزوی طور پر ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کا نظام رائج ہے۔ جاپان ایک ایسا صنعتی ملک ہے جو اس اصول پر عمل پیرا نہیں ہے۔ یورپی اقوام کئی عشروں تک وقت کی تبدیلی سے استفادہ کر چکی تھیں جب 1996ء میں یورپین یونین نے EU-Wide ''سمر ٹائم پیریڈ'' کا معیار وضع کیا۔ یورپین یونین کے اصول کے مطابق ڈے لائٹ سیونگ ٹائم مارچ کے آخری اتوار سے شروع ہوتا ہے اور اکتوبر کے آخری اتوار کو اختتام پذیر ہوتا ہے۔ روس کا وقت معیاری وقت سے دو گھنٹے آگے ہے۔ مثال کے طور پر ماسکو کا معیاری وقت UTC + 3 مقامی مین ٹائم سے آدھا گھنٹہ آگے UTC+2:30 ہے۔ اسی طرح کی صورت حال ڈیٹرائٹ میں ہے جس کا معیاری وقت UTC-5 مقامی مین ٹائم سے تقریباً آدھے گھنٹہ آگے، یعنی UTC-5:32 ہے۔ سردیوں کے دوران روس کی تمام 11 زونز معیاری وقت سے ایک گھنٹہ آگے رہتی ہیں۔ بلند عرض بلد کے ساتھ دو گھنٹے کا ڈے لائٹ سیونگ ٹائم واقعی انہیں دن کی روشنی بچانے میں مدد دیتا ہے۔ جنوبی نصف کرّے میں جہاں گرمیاں دسمبر میں آتی ہیں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم اکتوبر سے مارچ تک جاری رہتا ہے۔

پاکستان میں اس کا استعمال نہیں ہے

جیسا کہ پہلے بتایا گیا ہے استوائی اور نچلے عرض بلد پر واقع ممالک عام طور پر ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کا استعمال نہیں کرتے کیونکہ ان کے ہاں دن کی روشنی کے اوقات تقریباً پورا سال یکساں رہتے ہیں لہٰذا ان جگہوں پر گرمیوں میں گھڑیوں کو ایک گھنٹہ آگے کرنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا چین میں واحد ٹائم زون ایسا تھا جہاں 1986ء سے 1991ء تک ڈے لائٹ سیونگ ٹائم کا استعمال کیا گیا لیکن اب وہاں بھی نہیں کیا جاتا۔ اسی طرح پاکستان میں بھی ایک سال کے لیے اس کا تجربہ کیا جا چکا ہے اور دوبارہ کیا جا رہا ہے۔

استفادہ کرنے والے ممالک

جو ممالک ڈے لائٹ سیونگ ٹائم سے استفادہ کر رہے ہیں ان میں سے چند اہم ممالک کی تفصیل ذیل میں دی جا رہی ہے۔ یہ تمام ممالک گرمیوں میں ایک گھنٹہ بچاتے ہیں اور آدھی رات کو تقریباً تین بجے اپنی گھڑیوں میں تبدیلی کرتے ہیں۔

براعظم افریقہ

1۔ مصر میں ڈے لائٹ سیونگ ٹائم اپریل کے آخری جمعہ کو شروع ہوتا ہے اور ستمبر کی آخری جمعرات کو ختم ہوتا ہے۔

(باقی صفحہ 4 پر)

سیمینار بعنوان ہیپاٹائٹس اور یرقان

خداتعالیٰ کے فضل کے ساتھ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان شعبہ خدمت خلق کو مورخہ 11 مئی 2008ء کو نورالعین سیمینار ہال میں شام ساڑھے پانچ بجے ’’ہیپاٹائٹس اور یرقان‘‘ کے موضوع پر ایک سیمینار منعقد کروانے کی توفیق ملی۔

اس تقریب کے مہمان خصوصی محترم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب آف سرگودھا تھے۔ سیمینار کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جس کے بعد مہتمم صاحب خدمت خلق مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان نے مہمان خصوصی کا تعارف پیش کرتے ہوئے کہا کہ محترم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب کنسلٹنٹ فزیشن اور ماہر امراض جگر و معدہ ہیں۔ آپ نے اپنے کیریئر کا آغاز 1990ء میں کیا۔ 1999ء سے تاحال باقاعدگی کے ساتھ وزیٹنگ فزیشن کی حیثیت سے فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کے معائنہ کے لئے تشریف لارہے ہیں۔ خداتعالیٰ آپ کے اس جذبہ خدمت انسانیت کو قبول فرماتے ہوئے اجرعظیم سے نوازے۔ آمین

تعارف کے بعد محترم مہمان خصوصی ڈاکٹر صاحب موصوف نے ’’ہیپاٹائٹس اور یرقان‘‘ کے بارے میں نہایت مفید اور معلومات سے پُرلیکچر دیا۔ آپ نے اپنے لیکچر میں فرمایا کہ جگر انسان کے جسم کا ایک اہم عضو ہے جو کہ جسم میں دائیں طرف پیٹ کے اوپر والے حصے میں موجود ہوتا ہے۔ اس کا وزن تقریباً 1500 گرام ہوتا ہے اور اس کا کام غذا کے مفید اجزاء کو اخذ کر کے خون میں شامل کرنا، فاسد مادوں کو زائل کرنا، پروٹین کا بنانا اور فولاد اور وٹامنز کو ذخیرہ کرنا ہے۔

یرقان

یرقان کی تفصیل بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ آنکھوں کی رنگت پیلی اور گہرے پیلے رنگ کا پیشاب آنے لگتا ہے اور پیلا پن خون میں Bilirubin کے بڑھنے کی وجہ سے ہوتا ہے اور بتایا کہ جگر کی سوزش، جگر کی نالیوں میں رکاوٹ اور خون میں سرخ خلیوں کا ٹوٹنا اور ضائع ہونا یرقان کی بڑی وجوہات ہیں۔

محترم ڈاکٹر صاحب موصوف نے بتایا کہ میڈیکل لٹریچر میں ہیپاٹائٹس کو دو گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1۔ ایکیوٹ ہیپاٹائٹس

(Acute Hepatitis)

یہ قلیل المیعاد ہیپاٹائٹس ہے جو کہ عام طور پر کئی قسم کے وائرسز سے پھیلتا ہے۔ ان میں ہیپاٹائٹس B,A اور E زیادہ اہم ہیں۔ اس کی علامات میں آنکھوں اور پیشاب کی رنگت پیلی ہونے کے علاوہ پیٹ کے دائیں طرف اوپر والے حصے میں درد ہونا، بوجھ محسوس ہونا، متلی اور قے کا آنا، بھوک کا نہ لگنا، کمزوری اور بخار ہے۔ ہیپاٹائٹس A اور E آلودہ پانی اور ناقص خوراک کے ذریعے انسانی جسم میں داخل ہوتے ہیں اور عموماً Acute Hepatitis کرتے ہیں یعنی ان کی بیماری قلیل المیعاد ہوتی ہے۔ طویل المدت یا دائمی حالت اختیار نہیں کرتی۔ خاص طور پر گرمی کے موسم میں آلودہ پانی اور ناقص خوراک کھانے کی وجہ سے وباء کی صورت اختیار کر جاتی ہے اور 3 سے 4 ہفتے میں تکلیف ہو جاتی ہے جس کے لئے پھر مخصوص علاج کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس سے بچاؤ کا سب سے اہم ذریعہ احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ہے۔ مثلاً پانی ابال کر پیئیں، صاف ستھری اور سادہ خوراک کھائیں۔ رفع حاجت سے فراغت کے بعد ہمیشہ صابن سے ہاتھ دھوئیں اور خواتین کھانا پکانے سے قبل اچھی طرح ہاتھ دھولیں۔

2۔ کرانک ہیپاٹائٹس

(Chronic Hepatitis)

یہ طویل المیعاد ہیپاٹائٹس کہلاتا ہے۔ اس کی وجوہات عموماً ہیپاٹائٹس بی اور سی کے وائرس ہیں۔ اس کے علاوہ خون اور خون کے اجزاء، خون آلود آلات یا استعمال شدہ سرنج کا استعمال، گردوں کو واش کرنے کے دوران استعمال ہونے والے آلات، جنسی بے راہ روی، جونکوں کے ذریعے خون نکلوانا، بغیر ٹیسٹ کے خون لگوانا اور ڈرگز کا استعمال بھی ہیپاٹائٹس بی اور سی کے پھیلنے کی بڑی وجوہات ہیں۔

محترم ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ شروع میں اس کی کوئی علامت ظاہر نہیں ہوتی بلکہ آہستہ آہستہ جگر کو نقصان پہنچ رہا ہوتا ہے۔ دیر سے ظاہر ہونے والی علامت میں وزن کم ہو جانا، رنگ پیلا ہو جانا، پیٹ میں پانی بھر جانا اور پھول جانا، پاؤں اور جسم پر سوجن، خون کی قے، ہاتھوں میں کپکپی، بیہوشی طاری ہونا اور نیند میں خلل واقع ہونا شامل ہے۔ مگر ڈاکٹر صاحب نے ساتھ ہی یہ بھی بتایا کہ یہ تمام علامات تمام مریضوں میں ظاہر نہیں ہوتیں۔

علاج

اگر کسی مریض کو ہیپاٹائٹس بی یا سی کی بیماری لاحق ہو اور کرانک ہیپاٹائٹس کی صورت اختیار کر جائے۔ تو اس کا علاج مخصوص ٹیکوں کے ساتھ کیا جاتا ہے جن میں Interferons نہایت اہم ہیں لیکن یہ کافی مہنگا علاج ہے۔ بہرحال کامیابی کی شرح بھی اسی طریقہ علاج سے حاصل کی جاسکتی ہے۔ یہاں ہمارے لئے یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ ہیپاٹائٹس سی سے بچاؤ صرف اور صرف احتیاطی تدابیر اختیار کر کے ہی ہوسکتا ہے۔ تاحال اس کی کوئی ویکسینیشن تیار نہیں کی جاسکی ہے۔ جبکہ ہیپاٹائٹس بی کی ویکسینیشن مارکیٹ میں موجود ہے اور تقریباً ایک ماہ کے وقفے کے ساتھ تین ٹیکے لگانے سے اس وائرس کے خلاف قوت مدافعت پیدا ہو جاتی ہے۔

سروسس (Cirrhosis)

جگر کے سکڑنے کو میڈیکل لٹریچر میں سروسس کہتے ہیں۔ سروسس کی پیچیدگیاں جو اوپر بیان ہو چکی ہیں ان کے علاوہ پاخانہ کے ساتھ خون، تلی کے بڑھ جانے، غنودگی طاری ہونے اور بعض اوقات جگر کے کینسر کی صورت میں بھی ظاہر ہوتی ہیں۔ 30 فیصد لوگوں میں 20 سے 30 سال بعد جگر سکڑنے کی علامت جو بیان کی گئی ہیں ظاہر ہوتی ہیں اور جب یہ علامات ظاہر ہوتی ہیں، اس وقت مرض بہت بڑھ چکا ہوتا ہے۔

محترم ڈاکٹر صاحب موصوف نے بتایا کہ ہیپاٹائٹس یعنی جگر کی سوزش یا ورم کا مرض مشرقی ممالک کی نسبت ترقی یافتہ مغربی ممالک میں زیادہ پایا جاتا ہے۔ اس کی بڑی وجہ ان ممالک میں کثرت کے ساتھ الکوحل یعنی شراب کا استعمال ہے۔

ہیپاٹائٹس سے بچاؤ کے طریق اور احتیاطی تدابیر کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ خون آلود اوزار جراحی، استعمال شدہ سرنج کا دوبارہ استعمال، بغیر ٹیسٹ کے خون لگوانے، حجام کے استرے یا بار بار ایک ہی بلیڈ کے استعمال سے بچیں بلکہ ہر دفعہ نئے بلیڈ کے تبدیل کرنے پر اصرار کریں۔ اسی طرح عطائیوں سے بچیں، حجام سے بچے کے ختنے نہ کروائیں۔ جسم پر نقش ونگار نہ بنوائیں، ناک، کان چھدواتے وقت نئی سوئی استعمال کریں۔ جنسی بے راہ روی اور غیر ضروری انتقال خون سے بچیں۔ ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ گھر میں اکٹھے رہنے یا مریض کے برتن، کپڑے اور تولیہ وغیرہ سے یہ مرض دوسروں میں منتقل نہیں ہوتا۔

